قارئین کے خطوط

ثناراللہ ثنار

(۱) ﴿جناب مدیر﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

روزنامہ اسلام میں ہفتہ اوراتوار کوآپ کا اشتہار پڑھا، تو کافی دیر حیرانگی کے عالم میں ڈوبا رہا۔ کہ بنوں جیسے علاقہ میں اتنا اہم اورجدید کام........! اللہ اکبر .ماء شاء اللہ لاحول ولاقوۃ الاباللہ . میں آپ کا زیادہ وقت لئے بغیر صرف اتنا عرض کروں گا کہ اگر آپ کا کوئی ماہنامہ ہفت روزہ یا کسی قسم کا کوئی بھی جریدہ ہوتو اس کے حاصل کرنے کے کون سے ذرائع ہیں۔اور اگر آپ سے بذریعہ ڈاک منگوایا جائے تو اس کی کیا ترتیب ہے۔ فی امان اللہ

آپکی دعاؤں وراہنمائی کا طالب
سید احمد علی شاہ المدنی ایبٹ آباد

(۲) ﴿جناب محترم ومکرم قاری ثناء اللہ صاحب دامت فیوضہم﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سلامتی وعافیت مطلوب من جانبین ہونے کے بعد گذارش ہے کہ بندہ جامعة الحسنین گرین ٹاؤن فیصل آباد میں دورہ حدیث کا طالب علم ہے پچھلے سال آنجناب کا"المباحث الاسلامیة" کچھ عرصہ زیر مطالعہ رہا۔ الحمدللہ بڑا دل خوش ہوا اور دل سے اہل ادارہ کے لئے دعا نکلی۔ برائے مہربانی اس ایڈریس پر مجلہ ارسال فرمائیں اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔

والسلام
اسماعیل قاسمی مدرسہ عربیہ حیات العلوم فیصل آباد

(۳) ﴿برادرم ومکرم جناب حضرت مولانا مفتی نعمت اللہ حقانی زید مجدکم﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مزاج شریف گراں قدر رو قیع اور عظیم کتابوں کا سیٹ موصول ہوا دونوں کتابوں پر دلی ہدیہ تبریک قبول فرماوے۔ مردان چنی ے کنند۔ کتاب کی طباعت پر عمدہ کاغذ پر اور شاندار ترین اشاعت پر ہدیہ تبریک قبول فرماویں۔ اللہ کریم اجر عظیم سے نوازے۔ القاسم کا تبصرہ وتعارف نمبر پریس میں چلا گیا ہے۔ آئندہ کتاب نمبر پر تبصرہ وتعارف پیش کیا جائے گا۔

والسلام
عبدالقیوم حقانی جامعہ ابوہریرۃ خالق آباد نوشہرہ